ویکیپیڈیا
آزاد دائرۃ المعارف

سنن نسائی

https://ur.wikipedia.org/s/xyo

سنن نسائی کو عربی زبان میں **المجتبی من السنن** یا **السنن الصغری للنسائي** کہا جاتا ہے۔ یہ احادیث کی معتبر کتب صحاح ستہ میں سے ایک ہے، جو احمد بن شعیب النسائی کی تصنیف ہے۔

سنن نسائی	
(عربی میں: المُجْتَبَى)	
مصنف	احمد بن شعیب النسائی رضوان
اصل زبان	عربی
موضوع	حدیث

درستی (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%B3%D9%86%D9%86_%D9%86%D8%B3%D8%A7%D8%A6%DB%8C&action=edit&section=0) - ترمیم (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%B3%D9%86%D9%86_%D9%86%D8%B3%D8%A7%D8%A6%DB%8C&veaction=edit)

تعارف

مسلمانوں کا سنی طبقہ سنن نسائی کی تکریم کرتا ہے، سنن نسائی صحاح ستہ میں تیسرے نمبر پر ہے[1] المجتبی یعنی منتخب احادیث کی تعداد 5270 ہے اور اس میں احادیث کی تکرار شامل ہے جو مصنف نے اپنی جامع السنن الکبری سے اخذ کی ہیں۔

نسائی کا تعارف

النسائی نسبت ہے "نَسا" (بخارا کے علاقے خراسان) کی طرف۔ انھوں نے کئی اساتذہ سے حدیث سنی، جن میں سب سے مشہور: اسحاق بن راہویہ اور ابو داؤد سجستانی ہیں۔ امام ذہبی نے اپنی کتاب سیر أعلام النبلاء میں ان کے بارے میں کہا: "300 ہجری کے آغاز میں النسائی سے زیادہ کوئی حافظِ حدیث نہ تھا۔ وہ حدیث، اس کے علل (پوشیدہ نقص) اور رجال (راویوں) کے علم میں مسلم، ابو داؤد اور ترمذی سے زیادہ ماہر تھے۔ وہ بخاری اور ابو زرعہ کے معیار کے قریب تر تھے۔" ان کی تصانیف میں شامل ہیں: "المجتبی من السنن الکبری" جو سنن النسائی کے نام سے مشہور ہے، "السنن الکبری"، "الضعفاء والمتروکون" (ضعیف اور متروک راویوں پر مشتمل کتاب)، "عمل الیوم واللیلة" (روز و شب کے اعمال) جس میں اذکار بیان کیے گئے ہیں۔

سنن النسائی میں ان کا منہج (طریقہ کار)

انھوں نے صرف ثقہ اور عادل راویوں کا انتخاب کیا۔ اپنی سنن میں صرف احکامِ شریعت سے متعلق احادیث پر اکتفا کیا، جیسا کہ ان سے پہلے ابو داؤد نے کیا تھا۔ ایک ہی حدیث کو مختلف اسناد کے ساتھ دہرایا، تاکہ اسناد کے فوائد اور فقہی نکات دونوں کو جمع کر سکیں۔ احادیث پر کلام کیا، ان کے علل بیان کیے اور ان میں پائی جانے والی زیادتیوں اور اختلافات کو واضح کیا۔

شروح و تراجم

کچھ تراجم و تشریحات درج ذیل ہیں:

- شرح السیوطی علی السنن النسائی (مصنف: امام سیوطی) جو مکتبہ المطبوعات نے حلب میں 1986ء میں شائع کی۔
- حاشیات السندی علی النسائی (مصنف: السندی) جو مکتبہ المطبوعات نے حلب میں 1986ء میں شائع کی۔

احکام الٰہی کے متن کانام قرآن مجید ہے اور اس کی شرح وتفصیل کانام حدیث رسول ہے۔ آپ ﷺ کی زندگی اس متن کی عملی تفسیر ہے۔ رسول ﷺ کی زندگی کے بعد صحابہ کرام نے احادیث نبویہ کو آگے پہنچا یا، پھر ان کے بعد ائمہ محدثین نے ان کومدون کیا او ر علما امت نے ان کے تراجم وشروح کے ذریعے حدیث رسول کی عظیم خدمت کی۔

کتاب کی فہرست

- كتاب الطهارة
- كتاب المياه
- كتاب الحيض والاستحاضة
- كتاب الغسل والتيمم
- كتاب الصلاة
- كتاب المواقيت
- كتاب الأذان
- كتاب المساجد
- كتاب القبلة
- كتاب الإمامة
- كتاب الافتتاح
- كتاب السهو
- باب التسبيح في الصلاة
- كتاب الجمعة
- كتاب تقصير الصلاة في السفر
- كتاب الخسوف
- كتاب الاستسقاء
- كتاب صلاة الخوف
- كتاب صلاة العيدين
- كتاب قيام الليل وتطوع النهار
- كتاب الجنائز
- كتاب الصيام
- كتاب الزكاة
- كتاب مناسك الحج
- كتاب الجهاد
- كتاب النكاح
- كتاب الطلاق
- كتاب الخيل
- كتاب الأحباس
- كتاب الوصايا
- كتاب النحل
- كتاب الهبة
- كتاب العمرى
- كتاب الأيمان و النذور
- كتاب المزارعة
- كتاب عشرة النساء
- كتاب تحريم الدم
- كتاب قسم الفيء
- كتاب البيعة
- كتاب العقيقة
- كتاب الفرع والعتيرة
- كتاب الصيد والذبائح
- كتاب الضحايا
- كتاب البيوع
- كتاب القسامة
- كتاب قطع السارق
- كتاب الإيمان وشرائعه
- كتاب الزينة من السنن
- كتاب آداب القضاة
- كتاب الاستعاذة
- كتاب الأشربة [2]

حوالہ جات

1. "حدیث کے متعلقات"۔ 16-10-2012 کو اصل سے آرکائیو کیا گیا۔ اخذ شدہ بتاریخ 18-03-2010

2. "سنن النسائي (مع أحكام الألباني، ت: مشهور) - المكتبة الوقفية للكتب المصورة PDF"۔ waqfeya.com۔ 18 أكتوبر 2018 کو اصل سے آرکائیو کیا گیا۔ اخذ شدہ بتاریخ 25-11-2017
